© rasailojaraid.com





# حسنِ انتقاد

تبصرہ کے لئے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

کتاب: دینی دستر خوان

مرتب: حاجی عبدالقیوم مہاجر مدنی

صفحات: ۱۵۱۴ قیمت: درج نہیں

ناشر: ادارہ تالیفات اشرفیہ، بیرون بوہڑ گیٹ ملتان۔

مسلمان ہونے کی حیثیت سے ہمارا عقیدہ اور ایمان ہے کہ کائنات میں صرف ایک کتاب ہے جو ہر قسم کے شک وشبہ اور غلطیوں سے پاک ہے۔ اسکی ہر بات اور ہر حکم کو بلا تحقیق تسلیم کرنا ہی اصل ایمان ہے اور وہ صرف قرآن کریم ہے۔ اسی اصول کو معیار بنا کر اگر کتابوں کا مطالعہ کیا جائے تو قاری بے شمار الجھنوں اور مسائل کا شکار ہونے سے محفوظ ہوجاتا ہے۔ ہر کتاب میں خوبیاں بھی ہوتی ہیں اور خامیاں بھی۔ مفید باتیں بھی ہوتی ہیں اور مضر بھی۔ قاری کی خوبی یہ ہونی چاہیے کہ اچھائیاں چن لے اور خامیوں کو چھوڑ دے۔ نقد و نظر کا معاملہ بھی اسی اصول کے تحت ہے۔

زیرِ تبصرہ کتاب "دینی دستر خوان" محترم حاجی عبدالقیوم مہاجر مدنی کی مرتب کردہ ہے جسے انہوں نے جدید انسائیکلوپیڈیا قرار دیا ہے۔ کتاب دو جلدوں، ۵۹ ابواب اور ۱۵۱۴ صفحات پر مشتمل ہے۔

عقائد، عبادات، معاملات، معاشرت، اخلاقیات، سیرت نبوی ﷺ، مذاہبِ عالم، عجائبات عالم اور تصوف کے علاوہ بے شمار موضوعات پر بے پناہ معلومات ہیں۔ مرتب موصوف باقاعدہ عالم دین نہیں مگر علماً کی صحبت سے مشرف ہیں۔ اور ان کا ذوق و شوق اسی صحبت کا ثمر ہے۔ انہوں نے کتاب نہایت خلوص سے مرتب کی ہے اور انہی کے بقول مستند کتب سے تمام مواد منتخب کیا گیا ہے۔

حضرت مولانا محمد عاشق الہیٰ بلند شہری (مقیم مدینہ منورہ) اور مفتی مجد القدوس خبیب رومی (مفتی سہار نپور) کی تقاریظ اور مولانا مفتی عبدالستار صاحب (رئیس الافتاً جامعہ خیر المدارس) کی رائے شامل کتاب ہے۔

مولانا محمد عاشق الٰہی مدظلہ، نے اپنی انتہائی مختصر تقریظ میں لکھا ہے۔

"ماشاءاللہ خوب محنت کی ہے۔ اور کام کی باتیں جمع کی ہیں۔ احقر نے جستہ جستہ کتاب دیکھی اور بعض جگہ مشورہ بھی دیا ہے جسے انہوں نے بشاشت سے قبول فرمایا۔"

زیرِ تبصرہ کتاب میں تاریخ کے باب میں بہت سی رطب و یابس بھی جمع ہو گئی ہیں۔ خصوصاً شہدا کربلا کے باب

© rasailojaraid.com